© rasailojaraid.com

کتاب بارہ ابواب پر مشتمل ہے اور ہر باب کے قائم کردہ عنوانات کے تحت سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ یہاں اگرچہ تفصیل کی گنجائش نہیں پھر بھی چند ابواب کے عنوانات درج کئے جاتے ہیں جس سے کتاب کے موضوع اور اس کی افادیت کا اندازہ ہو جائے گا۔

اللہ اور رسولؐ کی محبت، عقیدتِ ایمان و عبادت، زکوٰۃ اور عشر کا فلسفہ، برکاتِ رمضان، حج کی اہمیت، قربانی سنتِ ابراہیمی، خاصیتِ اعمال، کائنات و آیات میں شانِ ربوبیت، قرآن حکیم ایک لافانی کتاب، خاتم النبیین اور آپ کی امت (ختمِ نبوت) فریضۂ نبوت، حقوق العباد، اسلام میں عورتوں کے حقوق، وغیرہ وغیرہ

کتاب کی ہر سطر اور ہر لفظ مصنف موصوف کے جذبات دلی پر مہرِ تصدیق ہے۔ یہ کتاب اصلاحِ معاشرہ اور تزکیہ نفس کے سلسلے میں یقیناً ایک عمدہ اور قابلِ قدر چیز ہے اور قابلِ مطالعہ ہے۔ امید ہے کہ دینی حلقوں میں پسند کی جائے گی۔ (قمر عینی)

## روزنامہ "نوائے وقت" لاہور۔ راولپنڈی

(۸ مئی ۱۹۷۶ء)


یہ کتاب مصنف کے مواعظِ حسنہ کا مجموعہ ہے۔ بارہ ابواب پر مشتمل ہے۔ ہر باب کے تحت مختلف عنوانات دیئے گئے ہیں۔ پہلے باب کا عنوان ہے "حقیقتِ ایمان" اس باب کے پہلے خطبہ کا موضوع "طاعاتِ خداوندی کا سرچشمہ محبت اور اس کے اسباب" ہے۔ دوسرے خطبے کا عنوان "اللہ تعالیٰ اور جناب رسولِ پاکؐ کی محبت" ہے تیسرا عنوان "اللہ تعالیٰ کی محبوبیت اور عبادات کا باہمی ربط و تعلق" ہے۔ اسی طرح "برکاتِ رمضان"، "خاصیتِ اعمال"، "قرآنِ پاک"، "جنابِ رسالت مآبؐ کی شخصیتِ مطہرہ"، "محبت و اطاعتِ رسولؐ" عنوانات کے تحت بھی مقالات موجود ہیں۔ کتاب سے مصنف کی علمیت اور محبت ظاہر ہوتی ہے۔ (میاں عبدالرشید)

## شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مدظلہ سہارنپوری

مدینہ طیبہ

دعواتِ حق پہنچ کر موجبِ مسرت ہوا اور آپکی کرامت ہے کہ کتاب پہنچ گئی یہاں کے ڈاکخانے والے کتاب روک دیتے ہیں مگر کتاب بہت بے وقت آئی ذرا پہلے آتی تو میت ہی اچھا ہوتا اسوقت ناکارہ ہند کیلئے پابرکاب ہے آجکل ساہیوال کا دارالعلوم سر چل رہا ہے اسکے ختم پر اسکو شروع کرونگا تاہم فرطِ شوق میں فہرست تو آج ہی سن لی مبارک ہے اللہ تعالیٰ قبول فرمائے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ متمتع فرمائے اور مجھے بھی پوری شغل کی سعادت نصیب فرمائے

(اقتباس از مکتوب مدینہ طیبہ بنام مدیر ماہنامہ "الحق")




© rasailojaraid.com